سوال

(278) اطاعت صرف معروف میں ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته
اگر خاوند نے بیوی کو حرام کام میں اطاعت نہ کرنے کی وجہ سے طلاق دینے کی دھمکی دے دی تو بیوی کو کیا کرنا چاہیے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ہمیں یہ علم ہونا ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی معصیت کے کام میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت نہیں کی جا سکتی جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

"لاطاعة لمخلوق فی معصیة الخالق"

"خالق کی نافرمانی (والے کام) میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں۔ (صحیح، صحیح الجامع الصغیر 7520۔ المشکاة 3696)

اس لیے اگر خاوند بیوی کو کوئی حرام کام کرنے کا کہے اور نہ کرنے پر طلاق کی دھمکی دے تو بیوی اپنے خاوند کو اچھے انداز سے سمجھائے اور اسے اس حرام کام سے خوف دلائے اور دلائل کے ساتھ بیان کرے کہ ایسا کرنا حرام ہے سائلہ بہن نے سوال میں یہ وضاحت نہیں کی کہ وہ حرام کام کیا ہے اور اس کی حرمت کا درجہ کیا ہے بہتر تو یہ تھا کہ اس کی وضاحت کی جاتی تاکہ جواب بھی واضح ہوتا لیکن اصل یہی ہے۔ کہ حرام کام میں اطاعت نہیں۔ لہٰذا اس عورت کو چاہیے کہ وہ حرام کام سے رک جائے اور اس میں خاوند کی اطاعت نہ کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت خاوند کی اطاعت پر مقدم ہے اس بنا پر ہم کہیں گے کہ وہ صبر و تحمل کا مظاہرہ کرے۔ اور اپنے خاوند کو سمجھانے کوشش کرے۔

اور اس کے ساتھ ساتھ تعالیٰ سے دعا والتجاء کرے کہ وہ اس کے خاوند کو ہدایت سے نوازے اور اس طرح کے برے کاموں سے اس کا دل پھیرے دے۔ یہ بھی بہتر ہے کہ بیوی اپنے خاوند کے لیے کوئی اچھی سی کتاب یا پھر سننے کے لیے کیسٹ وغیرہ خریدے تاکہ وہ اس سے مستفید ہو سکے اور اللہ تعالیٰ کے بعد وہ اپنے کسی عزیز رشتہ دار یا امام مسجد وغیرہ سے بھی مدد طلب کر سکتی ہے کہ وہ اس کے خاوند کو سمجھائے اور اسے اللہ تعالیٰ کا خوف دلائے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کے شوہر کو ہدایت سے نوازے۔ (شیخ دکتور خالد)
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

ص352

محدث فتویٰ